# عامُوسؔ
# کی نبُّوت

1 عامُوسؔ نبی کا کلام جو تقوعؔ کے ایک چرواہے تھے۔ اُنہُوں نے
زلزلہ سے دو سال پہلے بنی اِسرائیل کی بابت رُویا دیکھی، جَب شاہِ
یہُودیؔہ عُزّیاہؔ اَور یرُبعامؔ بِن یہُوآشؔ مُلکِ اِسرائیل کا بادشاہ تھا۔

2 عامُوسؔ نبی نے فرمایا،
یَاھوِہ صِیّونؔ سے دھاڑتے ھیں
اَور یروشلیمؔ سے گرجتے ھیں،
چرواھوں کی چراگاھیں سُوکھ رھی ھیں،
اَور کرمِلؔ کی چوٹی مُرجھا رھی ہے۔

## بنی اِسرائیل کے ھمسایوں پر فیصلہ

3 یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں،
دَمشق شہر کے تین
نہیں بلکہ چار گُناھوں کے باعث، مَیں اُسے بے سزا نہیں چھوڑوں
گا۔
کیونکہ اُس نے گِلعادؔ کو
لوہے کے دھاردار آھنی اوزار سے روند ڈالا۔
4 میں حزائیلؔ کے گھرانے پر آگ نازل کروں گا
جو بِن ھددؔ کے شاھی محلوں کو جَلا کر راکھ کر دے گی۔

5 میں دَمشق کے پھاٹکوں کو توڑ دُوں گا؛
اَور آوِنؔ کی وادی* کے بادشاہ کو
اَور اُس کو جو بیت عدنؔ پر حُکمرانی کرتا ہے ہلاک کر دُوں گا
اَور ارامی لوگ جَلاوطن ہوکر قیرؔ کو جائیں گے۔
یہی یَاھوِہ کا فرمان ہے۔
6 یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں،
غزّہؔ کے تین بَلکہ چار گُناہوں کے باعث،
مَیں اُسے سزا دینے سے باز نہیں آؤں گا۔
کیونکہ اُس نے پُوری قوم کو اسیر کر لیا
اَور اُنہیں اِدُوم کے ہاتھ بیچ دیا۔
7 اِس لئے مَیں غزّہؔ کے شہرپناہ پر آگ بھیجوں گا
جو اُس کے شاہی محلوں کو جَلا کر راکھ کر دے گی۔
8 مَیں شاہِ اشدُودؔ کو
اَور شاہِ اشقلونؔ کو ہلاک کر دُوں گا۔
مَیں عقرونؔ کے خِلاف اَپنا ہاتھ بڑھاؤں گا،
جَب تک کہ آخری فلسطینی ہلاک نہ ہو جائے،
یہی یَاھوِہ قادر کا فرمان ہے۔
9 یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں،
مَیں صُورؔ کے تین بَلکہ اُس کے چار گُناہوں کے باعث،
مَیں اُسے بے سزا نہ چھوڑوں گا۔

* **1:5** آوِنؔ کی وادی یعنی شرارت

کیونکہ اُس نے سَب کو اسیر کرکے اُنہیں اِدُوم کو بیچ دیا،
اَور برادرانہ عہد کا لحاظ نہ کیا،
10 اِس لئے میں صُورؔ کی شہرپناہ پر آگ نازل کروں گا
جو اُس کے شاہی محلوں کو جَلا کر راکھ کر دے گی۔
11 یَاہوِہ یُوں فرماتے ہیں،
اِدُوم کے تین بَلکہ چار گُناہوں کے باعث،
مَیں اُسے بے سزا نہ چھوڑوں گا۔
کیونکہ اُس نے بےرحم ہوکر، اَپنے بھائیوں کو تلوار لے کر رگیدا،
اَور مُلک کی عورتوں کا قتل عام کیا
اَور اُس کا قہر ہمیشہ بھڑکتا رہا،
اَور اُس کا غضب کبھی ختم نہ ہُوا۔
12 مَیں تیمانؔ پر آگ نازل کروں گا،
جو بُصراؔہ کے شاہی محلوں کو جَلا کر راکھ کر دے گی۔
13 یَاہوِہ یُوں فرماتے ہیں،
عمُّون کے تین بَلکہ چار گُناہوں کے باعث
مَیں اُسے بے سزا نہ چھوڑوں گا۔
کیونکہ اُس نے اَپنی سرحدوں کو بڑھانے کے لئے
گِلعادؔ کی حاملہ عورتوں کے پیٹ چاک کئے،
14 جَب جنگ کے وقت شوروغل ہو رہے ہوں گے،
جَب زبردست طُوفان اَور قتل عام ہو رہے ہوں گے
اُس وقت، مَیں ربّہؔ کی شہرپناہ پر آگ نازل کروں گا
جو اُس کے شاہی محلوں کو جَلا کر راکھ کر دے گی۔

15 یَاھوِہ فرماتے ھیں،
عمُّون کا بادشاہ اَپنے حاکموں کے ساتھ،
اسیری میں جائے گا۔

## 2

1 یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں،
مُوآب کے تین بَلکہ چار گُناھوں کے باعث
مَیں اُسے بے سزا نہیں چھوڑوں گا۔
کیونکہ اُس نے اِدُوم کے بادشاہ کی ھڈّیوں کو
جَلا کر راکھ کر دیا تھا۔
2 اِس لئے مَیں مُوآب پر بڑی آگ نازل کروں گا
جو قِریوتؔ کے شاھی محلوں کو جَلا کر راکھ کر دے گی۔
مُوآب جنگ کی للکار
اَور نرسنگوں کی آواز کے شور و غُل کے درمیان مَرے گا۔
3 یَاھوِہ فرماتے ھیں،
مَیں اُس کے حُکمران کو
اُس کے حاکموں کے ساتھ غارت کروں گا۔
4 یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں،
مَیں بنی یہُوداہؔ کے تین بَلکہ چار گُناھوں کے باعث
مَیں اُسے بے سزا نہ چھوڑوں گا۔
کیونکہ اُنہُوں نے یَاھوِہ کے آئین کو ترک کر دیا
اَور اُن کے قوانین پر عَمل نہیں کیا،
اُن کے جھُوٹے معبُودوں نے ھی اُنہیں

جِن کی اُن کے آباؤاَجداد پیروی کرتے تھے گُمراہ کِیا۔
5 مَیں یہُوداہؔ پر آگ نازل کروں گا
جو یروشلیمؔ کے شاہی محلوں کو جَلا کر راکھ کر دے گی۔

## بنی اِسرائیل کا اِنصاف

6 یاھوِہ یُوں فرماتے ھیں،
بنی اِسرائیل کے تین بَلکہ چار گُناھوں کی باعث
مَیں اُسے بے سزا نہ چھوڑوں گا۔
وہ چاندی کے لِئے راستباز کو،
اَور ایک جوڑی جُوتی کی خاطِر حاجت مند کو بیچ دیتے ھیں۔
7 وہ کنگال کے سَر کو اَیسا کُچلتے ھیں
جَیسے زمین پر دُھول کو روندا جاتا ھے
وہ مظلوموں کو اِنصاف نہیں دیتے۔
باپ اَور بیٹا دونوں ایک ھی لڑکی سے ھم بِستر ھوتے ھیں،
اَور اَیسا کرکے وہ میرے پاک نام کو ناپاک کرتے ھیں۔
8 وہ ھر مذبح کے بازو میں
گروی رکھے ھُوئے کپڑوں پر لیٹتے ھیں۔
اَور اَپنے معبُودوں کے گھر میں
جرمانے کی رقم سے مَے نوشی کرتے ھیں۔

9 مَیں نے ھی اُن کے سامنے اموریوں کو نِیست و نابود کِیا،
حالانکہ اُموری دیودار کی طرح اُونچے
اَور بلُوط کے درخت کی مانند مضبُوط تھے۔

ھاں مَیں نے ھی اُوپر سے اُن کا پھل
اَور نیچے سے اُن کی جڑیں کاٹ دی۔
10 اَور مَیں ھی تُمھیں مِصر سے باھر نکال کر لایا،
اَور چالیس بَرس تک بیابان میں تمھاری رھبری کرتا رھا،
تاکہ تُم امُوریوں کے مُلک پر قابض ھو جاؤ۔

11 یَاھوِہ فرماتے ھیں،
مَیں نے ھی تمھارے بیٹوں میں سے نبی
اَور تمھارے جَوانوں میں سے نذیر برپا کئے۔
اَے بنی اِسرائیل، کیا یہ سچ نہیں ھے؟
12 لیکن تُم نے نذیروں کو مَے پلائی
اَور نبیوں کو حُکم دیا کہ نبُوّت نہ کریں۔

13 اِس لئے اَب مَیں تُم کو اَیسا کُچل دُوں گا
جَیسے گلّے سے بھری ھُوئی گاڑی کُچلتی ھے۔
14 تیز رفتار سے دَوڑنے والا بھی نہ بچنے پائے گا،
اَور زورآور کی طاقت جاتی رھے گی،
اَور سُورما بھی اَپنی جان بچا نہ سکے گا۔
15 تیر اَنداز کھڑا نہ رہ سکے گا،
اَور تیز دَوڑنے والا فَوجی بھی بھاگ نہ پائے گا،
اَور گُھڑسوار بھی اَپنی جان نہ بچا سکے گا۔
16 اُس دِن بڑے بڑے سُورما بھی
اَپنے کپڑے چھوڑکر بھاگ جائیں گے۔ یہ یَاھوِہ کا فرمان ھے۔

# 3

## بنی اِسرائیل کے خِلاف گواہوں کا بُلایا جانا

1 اَے بنی اِسرائیل، یَاھوِہ کا یہ کلام سُنو اِس پُورے خاندان کے
خِلاف جسے مَیں مِصر سے باھر نکال کر لایا:
2 ”دُنیا کے سَب گھرانوں میں سے
مَیں نے صِرف تُمھیں مُنتخب کیا ہے؛
اِس لِئے مَیں تُمھیں تمھارے سارے
گُناھوں کی سزا دُوں گا۔“

3 کیا یہ ممکن ہے کہ بغیر آپسی رضامندی کے
دو شخص ایک ساتھ چل سکتے ہیں؟
4 کیا شیر بغیر شِکار پائے
جنگل میں گرجتا ہے؟
اگر شیر نے کچھ شِکار نہ کیا ہو
تو کیا وہ اَپنی ماند میں غُرّا سَکتا ہے؟
5 اگر جال نہ لگایا گیا ہو
تو کیا پرندہ اُس میں پھنس سکتا ہے؟
کیا پھندا جَب تک کہ اُس میں کچھ پھنسا نہ ہو
زمین پر سے اُچھل سَکتا ہے؟
6 جَب شہر میں نرسنگے کی آواز بُلند ہوتی ہے،
تو کیا لوگ کانپ نہیں جاتے؟
کیا یَاھوِہ کے بھیجے بغیر ہی
کسی شہر پر آفت آتی ہے۔

7 یقیناً، یَاھوِہ قادر اَپنے خادِم نبیوں پر
اَپنا منصُوبہ ظاھر کِئے بغیر
کُچھ بھی نہیں کرتے۔

8 جَب شیر گرجتا ہے۔
تو کون ہے جو خوف نہ کھائے گا؟
یَاھوِہ قادر نے کلام کِیا ہے۔
تُو کون ہے جو نبُوّت نہ کرے گا؟

9 اشدُودؔ کے شاھی محلوں
اَور مِصر کے شاھی محلوں میں مُنادی کرو
سَب کوہِ سامریہؔ پر جمع ہو جاؤ؛
اَور دیکھو اُس میں کیسا ھنگامہ
اَور اُس کے لوگوں کے درمیان کیسا ظُلم ہے۔

10 یَاھوِہ فرماتے ھیں: جو لوگ اَپنے شاھی محلوں میں لُوٹ مار کرتے ھیں
اَور مالِ غنیمت جمع کرتے ھیں،
وہ نیکی کرنا جانتے ھی نہیں۔
11 چنانچہ یَاھوِہ قادر یُوں فرماتے ھیں،
ایک دُشمن تمھارے مُلک کا محاصرہ کرے گا؛
وہ تمھارے شاھی قلعوں کو ڈھا دے گا،
اَور تمھارے شاھی محلوں کو لُوٹ لے گا۔
12 یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں،
جِس طرح سے چرواھا ٹانگوں کی دو ھڈّی یا کان کا ایک ٹکڑا ھی،

شیر کے مُنہ سے چُھڑا پاتا ہے،
اُسی طرح بنی اِسرائیل بھی جو سامریہؔ میں سکونت کرتے ہیں،
اَیسے بچائے جائیں گے جَیسے پلنگ کا گوشہ
اَور پلنگ سے کپڑے کا ایک ٹکڑا۔
13 یَاہوِہ قادرمُطلق خُدا فرماتے ہیں، سُنو اَور یعقوب کے گھرانے
کے خِلاف گواہی دو۔
14 جِس دِن مَیں بنی اِسرائیل کو اُس کے گُناہوں کی سزا دُوں گا،
تو مَیں بیت ایل کے مذبحوں کو نِیست و نابود کر دُوں گا؛
اَور مذبح کے سینگ کاٹ کر
زمین پر گرا دیئے جایٔیں گے۔
15 یَاہوِہ اعلان فرماتے ہیں،
مَیں سردیوں اَور گرمیوں کے
رِہائشی گھروں کو نِیست و نابود کر دُوں گا؛
اَور ہاتھی دانت سے سجائے ہُوئے گھر ویران کر دیئے جایٔیں گے،
اَور محلوں کو گرا دیا جائے گا۔

# 4

## بنی اِسرائیل کا خُدا کی طرف رُجُوع نہ ہونا

1 اَے باشانؔ کی گایوں، ”تُم یہ کلام سُنو! تُم جو کوہِ سامریہؔ پر رہتی
ہو،
اَے عورتوں تُم جو غریبوں کو ستاتی ہو اَور ضرُورت مندوں کو
کُچلتی ہو

اَور اَپنے شوھروں سے کہتی ھو کہ ھماری مَے نوشی کے لِئے کچھ لاؤ!“
2 یَاھوِہ قادر اَپنی پاکیزگی کی قَسم کھا کر فرماتے ھیں
دیکھو، مُستقبِل میں تُم پر اَیسے دِن ضرُور آنے والے ھیں،
جَب تمھاری ناک میں کانٹا پھنسا کر لے جایا جائے گا،
اَور تمھاری اَولادوں کو مچھلی پکڑنے والے کانٹے میں پھنسا کر لے جایا جائے گا۔
3 یَاھوِہ فرماتے ھیں،
تُم مَیں سے ھر ایک دیوار کی دراڑوں سے ھوکر
سیدھے باھر فرار ھو جاؤگے
اَور تُمھیں حرمُونؔ کی طرف پھینک دیا جائے گا۔
4 بیت ایل میں جاؤ اَور گُناہ کرو،
گِلگالؔ میں جا کر اَور زِیادہ گُناہ کرو۔
ھر صُبح کو اَپنی قُربانیاں،
اَور ھر تیسرے روز اَپنی دہ یکی لاؤ۔
5 یَاھوِہ قادر فرماتے ھیں،
خمیری روٹی کے شُکر گُزاری کی نذر آگ میں گذرانو
اَور اَپنی رضا کی قُربانیاں پر فخر کرو،
اَور اَے بنی اِسرائیل اُن قُربانیوں پر فخر کرو،
کیونکہ تُم کو اَیسا کرنا پسند ھے۔

6 یَاھوِہ فرماتے ھیں،
مَیں نے تُمھیں ھر شہر میں خالی پیٹ رکھا

اَور ہر شہر میں روٹی کی کمی دی،
پھر بھی تُم میری طرف رُجُوع نہ لائے۔

7 اگرچہِ مَیں نے بارش کو اُس وقت تک روک دیا
جَب فصل پکنے میں تین مہینے باقی تھے۔
تَب مَیں نے بارش روکے رکھی،
مَیں نے ایک شہر پر بارش کی اَور دُوسرے سے روک رکھی۔
ایک کھیت پر بارش ہوئی؛
اَور دُوسرا کھیت بارش نہ ہونے کے باعث سُوکھ گیا۔
8 لوگ پانی کی تلاش میں ایک بستی سے دُوسری بستی میں مارے مارے پھرتے رہے،
لیکن اُنہیں پینے کا پانی نہیں مِلا،
یَاھوِہ فرماتے ہیں،
پھر بھی تُم میری طرف رُجُوع نہ ہُوئے۔

9 کئی مرتبہ مَیں نے تمہارے باغوں اَور تاکستانوں پر،
بادِ سموم اَور پھپھُوندی سے مارا۔
ٹِڈّیوں نے تمہارے اَنجیر اَور زَیتُون کے درختوں کو چٹ کر لیا،
یَاھوِہ کا فرمان ہے،
تو بھی تُم میری طرف رُجُوع نہ ہُوئے،

10 مَیں نے تمہارے اُوپر وَبا بھیجی
جَیسی کہ مِصر میں بھیجی تھی۔
مَیں نے تمہارے جَوانوں کو تلوار سے قتل کیا

اَور تمہارے گھوڑے چھین لئے۔
مَیں نے تمہارے نتھنوں کو لشکرگاہ کی بدبُو سے بھر دیا،
یاؔھوِہ کا فرمان ہے،
تو بھی تُم میری طرف رُجُوع نہ ہُوئے۔

11 مَیں نے تُم میں سے بعض کو
سدُومؔ اَور عمورہؔ کی طرح نِیست و نابود کر دیا۔
تُم اُس جلتی ہُوئی لکڑی کی مانند تھے جو گویا آگ میں سے نکالی گئی ہو،
تو بھی تُم میری طرف رُجُوع نہ ہُوئے،
یہ یاؔھوِہ کا فرمان ہے۔

12 اِس لئے، اَے بنی اِسرائیل مَیں تمہارے ساتھ یہ کروں گا،
اَور چونکہ مَیں تمہارے ساتھ یہ کروں گا،
اِس لئے، اَے بنی اِسرائیل تُو اَپنے خُدا سے مِلنے کی تیّاری کر۔

13 جِس نے پہاڑوں کو،
اَور ہَوا کو خلق کیا،
اَورجو اَپنے خیالات اِنسانوں پر ظاہر کرتے ہیں،
جو صُبح کو تاریکی میں تبدیل کرتے ہیں،
اَور زمین کے اُونچے مقامات پر چلتے ہیں،
اُن کا نام یاؔھوِہ قادرِمُطلق خُدا ہے۔

# 5

## نوحہ اَور توبہ کے لئے بُلانا

1 اَے بنی اِسرائیل یه کلام سُنو۔ مَیں یه نوحه تمھاری بابت کر رہا
ہُوں،
2 کنواری اِسرائیل گِر گئی
اَور پھر کبھی نہیں اُٹھے گی،
وہ اَپنے ہی مُلک میں تنہا چھوڑ دی گئی
اَور کوئی اُس کو اُٹھانے والا نہیں۔
3 یَاهوِہ قادر یُوں فرماتے ہیں،
تمھارا شہر اِسرائیل جو ایک ہزار سُورماؤں کو لے کر آگے کوچ کرتا
تھا
اُس میں سے صِرف سَو باقی رہ جائیں گے،
اَور تمھارے قصبے جِس میں سے سَو نکلتے تھے
اُس میں دس ہی باقی رہ جائیں گے۔
4 یَاهوِہ بنی اِسرائیل سے یُوں فرماتے ہیں،
تُم میری تلاش کرو اَور زندہ رہو،
5 بیت ایل کے طالب نه بنو،
گِلگالؔ میں داخل مت ہو،
بیرشبعؔ کو نه جاؤ،
کیونکہ گِلگالؔ ضرُور اسیری میں جائے گا،
اَور بیت ایل کا نام و نِشان مِٹ جائے گا۔
6 یَاهوِہ کی تلاش کرو اَور زندہ رہو،
اَیسا نه ہو که وہ آگ کی مانند بنی یُوسیفؔ پر بھڑکے،
اَور اُسے نگل جائے،

اَور بیت ایل میں اُسے بُجھانے والا کوئی نہ ہو۔

7 اَیسے لوگ ہیں جو اِنصاف کو تلخی میں بدل دیتے ہیں،
اَور راستبازی کو خاک میں مِلانے والوں،

8 جِس نے ثریّا اَور جبّار بنایا ہے،
جو اَندھیرے کو صُبح کی رَوشنی میں،
اَور دِن کو رات کے اَندھیرے میں تبدیل کرتے ہیں،
جو سمُندر کے پانی کو بُلاتے ہیں
اَور روئے زمین پر اُنڈیل دیتے ہیں۔
اُن کا نام یَاھوِہ ہے۔
9 وہ پَلک جھپکتے ہی قلعہ کو نِیست و نابود کر دیتے ہیں،
اَور فصیلدار شہر کو تباہ کر دیتے ہیں۔

10 اَیسے لوگ ہیں جو عدالت میں اِنصاف کو قائِم کرنے والوں سے عداوت رکھتے ہیں،
اَورجو سچ کہتا ہے اُسے حقیر سمجھتے ہیں۔

11 تُم غریبوں کے بھُوسے پر بھی محصُول لیتے ہو،
اَور اُن کے اناج پر بھی زبردستی محصُول لگاتے ہو۔
اِس لئے اگر تُم نے اَپنے لئے پتّھروں کے محلوں کو بھی تعمیر کیا ہو تو بھی،
تُم اُس میں رہنے نہ پاؤگے،
اگرچہ تُم نے نفیس تاکستان بھی لگائے ہوں

تو بھی تُم اُن کی مَے نہ پی سکوگے۔
12 کیونکہ مَیں تمہاری بے شُمار خطاؤں
اَور گُناہِ عظیم سے واقف ہُوں۔

تُم نیکوکار کو ستاتے ہو اَور رشوت لیتے ہو
اَور اَپنی عدالت میں غریبوں کو اِنصاف سے محروم رکھتے ہو۔
13 اِس لئے اَیسے وقت میں دانا چُپ رہتا ہے
کیونکہ وقت بُرا ہے۔

14 بدی کے نہیں بَلکہ نیکی کے طالب ہو
تاکہ تُم زندہ رہو۔
تَب یَاہوِہ قادرمُطلق خُدا تمہارے ساتھ رہیں گے،
جَیسا کہ تمہارا دعویٰ ہے کہ وہ تمہارے ساتھ ہیں۔
15 بدی سے نفرت رکھو اَور نیکی سے مَحَبّت،
عدالت میں اِنصاف قائم کرو۔
شاید یَاہوِہ قادرمُطلق خُدا بنی یُوسیفؔ کے
بقیّہ پر رحم کرے۔
16 اِس لئے خُداوؔند یَاہوِہ قادرمُطلق خُدا فرماتے ہیں:
سَب گلیوں میں نوحہ ہوگا
اَور ہر چوراہے پر آہ و ماتم ہوگا۔
کِسانوں کو ماتم کرنے کے لئے
اَور نوحہ گر، نوحہ کرنے کے لئے بُلائے جائیں گے۔
17 سَب تاکستانوں میں ماتم ہوگا،

کیونکہ مَیں تمھارے درمیان ہوکر گزروں گا،
یاؔھوِہ کا یہ فرمان ہے،

## یاؔھوِہ کا دِن

18 تُم پر ہائے،
جو یاؔھوِہ کے دِن کی آرزُو کرتے ہو،
تُم یاؔھوِہ کے دِن کی آرزُو کیوں کرتے ہو؟
وہ تو تاریکی کا دِن ہوگا، رَوشنی کا نہیں۔
19 وہ دِن اَیسا ہوگا گویا کوئی آدمی شیرببر سے اَپنی جان بچا کے بھاگے
اَور راستہ میں اُسے ریچھ مِل جائے،
یا اَپنے گھر میں داخل ہو جائے
اَور آرام فرمانے کو اَپنا ہاتھ دیوار پر ٹیکے
اَور سانپ اُسے کاٹ لے۔
20 کیا یاؔھوِہ کا دِن سخت تاریکی کا نہ ہوگا، رَوشنی کا نہیں۔
گھری تاریکی جِس میں رَوشنی کی ایک کِرن بھی نہ ہوگی؟

21 مَیں تمھاری عیدوں کو مکرُوہ سمجھتا ہُوں، مُجھے اُن سے نفرت ہے؛
اَور تمھارا اِجتماعات میرے لیے بدبودار ہیں۔
22 اگرچہ تُم میرے لِئے سوختنی نذریں اَور اناج کی نذریں گزرانتے ہو،
لیکن مَیں اُنہیں قبُول نہیں کروں گا۔
اگر تُم بہترین سلامتی کی نذر کی قُربانیاں گزرانو،
تو بھی مَیں اُن کا کوئی لحاظ نہ کروں گا۔
23 اَپنے نغموں کی آواز مُجھ سے دُور کرو!

مَیں تمھاری بربط کی آواز نہ سُنوں گا۔
24 بَلکہ اِنصاف کو دریا کی مانند،
اَور صداقت کو کبھی نہ سوکھنے والے چشمے کی مانند جاری رکھو!

25 ”اَے بنی اِسرائیل کیا تُم چالیس بَرس تک بیابان میں
میرے لِئے قُربانیاں کرتے اَور نذریں لاتے رہے؟
26 تُم تو اَپنے بادشاہ کا مزار،
اَور اَپنے بُتوں کا سُتون
اَور اَپنے معبُودوں کے سِتارے کو لِئے پھرتے تھے،
جنہیں تُم نے اَپنے لِئے بنایا تھا۔
27 لہٰذا مَیں تُمھیں دَمشق سے بھی آگے جَلاوطن کرکے بھیجوں گا،“
یَاھوِہ کا یہ فرمان ہے، جِن کا نام قادرِمُطلق خُدا ہے۔

# 6

## مطمئن لوگوں پر افسوس

1 افسوس تُم پر، جو صِیّونؔ میں عیش و آرام سے زندگی بسر کرتے ہو،
اَور ہائے تُم پرجو کوہِ سامریہؔ پر محفوظ محسُوس کرتے ہو،
اَور تُم سوچتے ہو کہ تُم اعلیٰ قوم کے مشہُور لوگ ہو،
جِن کے پاس بنی اِسرائیل آتے ہیں!
2 تُم کَلنہؔ کو جاؤ اَور اُس پر نظر کرو،
پھر وہاں سے بڑے حماتؔ شہر کو جاؤ،
اَور پھر نیچے فلسطینیوں کے گاتؔھ کو جاؤ۔

کِیا وہ تمھاری دو مملکتوں سے بہتر ہیں؟
کِیا اُن کا مُلک تمھارے مُلک سے بڑا ہے؟
3 تُم میرے قہر کے دِن کو مُلتوی کرتے ہو
اَور دہشت کی سلطنت کو نزدیک لے آتے ہو۔
4 تُم ہاتھی دانت سے مُزیّن پلنگ پر لیٹتے ہو
اَور اَپنے بِستر پر آرام طلبی سے پاؤں پھیلاتے ہو۔
اَور اَپنے پسندیدہ برّے
اَور فربہ بچھڑے کھاتے ہو۔
5 تُم داویؔد کی مانند اَپنے بربط پر گاتے ہو
اَور موسیقی کے ساز ایجاد کرتے ہو۔
6 تُم لبریز پیالوں سے مَے نوشی کرتے ہو
اَور بہترین عطر اِستعمال کرتے ہو،
لیکن تُم بنی یُوسیفؔ کی تباہی پر غم نہیں کرتے۔
7 اِس لئے تُم لوگ سَب سے پہلے اسیری میں جاؤگے؛
تمھاری دعوت و عشرت کا خاتِمہ ہو جائے گا۔

## یَاہوِہ کا اِسرائیل کے غُرور سے نفرت کرنا

8 یَاہوِہ قادر نے اَپنی ہی ذات کی قَسم کھائی ہے، اَور یَاہوِہ
قادرمُطلق خُدا یہ اعلان کرتے ہیں،
مَیں یعقوب کے غُرور سے عداوت رکھتا ہُوں
اُس کے شاہی محلوں سے مُجھے نفرت ہے؛
مَیں اِس شہر اَور اِس کے باشِندوں کو

اَور اِس کی سبھی چیزوں کو اُس کے دُشمنوں کے حوالہ کر دُوں
گا۔
9 اگر کسی گھر میں دس آدمی بھی باقی ہوں گے تو بھی وہ مَر جائیں
گے۔
10 اَور جَب کوئی رشتہ دار اُن کی لاشوں کو جَلانے کے لئے گھر
سے باہر لے جانے کو آئے اَور وہاں چھُپے ہُوئے کسی آدمی سے
پُوچھے، ”کیا تمہارے ساتھ کوئی اَور ہے؟“ اَور وہ جَواب دے، نہیں،
تَب وہ کہے، ”چُپ رہ۔ ہمیں یَاہوِہ کا نام نہیں لینا ہے۔“

11 کیونکہ یَاہوِہ نے حُکم دیا ہے،
اَور وہ بڑے گھر کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا
اَور چُھوٹے گھر کو چکنا چُور کر دے گا۔

12 کیا چٹّانوں پر گھوڑے دَوڑتے ہیں؟
کیا وہاں بیلوں سے ہل چلایا جاتا ہے؟
لیکن تُم نے اِنصاف کو زہر میں
اَور صداقت کو تلخی میں بدل دیا ہے۔
13 تُم جو لُو دِبارؔ* کی فتح پر خُوش ہو۔
اَور کہتے ہو کیا، ”ہم نے اَپنی طاقت سے قرنَیمؔ† نہیں لیا؟“

14 کیونکہ یَاہوِہ قادرِمُطلق خُدا اعلان کرتے ہیں،
اَے بنی اِسرائیل، مَیں تمہارے خِلاف ایک قوم کو بھڑکاؤں گا،

* **6:13** لُو دِبارؔ یعنی بے فُضول † **6:13** قرنَیمؔ یعنی سینگ یہاں طاقت کی علامت ہے۔

جو تُمھیں لیبو حماتؔ سے لے کر
عراباہؔ کی وادی تک ستائے گی۔

## 7

### ٹِڈّیاں، آگ اَور ایک ساھول

1 یَاھوِہ قادر نے مُجھے یہ دِکھایا: شاھی حِصّے کی فصل کٹنے کے
بعد، جَب دُوسری فصل آنے والی تھی، تَب یَاھوِہ ٹِڈّیوں کا ایک غول
تیّار کر رہے تھے۔
2 جَب ٹِڈّیاں زمین کی سَب گھاس کو بالکُل چٹ کر گئیں، تَب مَیں
نے زور سے چِلّاکر فریاد کی، ”اَے یَاھوِہ قادر، مُعاف کریں، یعقوب
کیسے زندہ رہ سَکتا ہے؟ وہ تو بہت ھی چھوٹا ہے!“
3 پس یَاھوِہ نے رحم کیا اَور اَپنے کام کو روک دیا۔
اَور فرمایا، ”اَب اَیسا نہیں ھوگا۔“
4 یَاھوِہ قادر نے مُجھے یہ دِکھایا: یَاھوِہ قادر نے اِنصاف کرنے کے
لِئے آگ کو بُلایا۔ اَور اُس آگ نے گھرے سمُندر کو سُکھا دیا اَور
زمین کو نگل گئی۔
5 تَب مَیں چِلّایا، ”اَے یَاھوِہ قادر، مَیں آپ سے مِنّت کرتا ھُوں،
اِسے روک دیجئے! یعقوب کیسے زندہ رہ سَکتا ہے؟ وہ تو بہت ھی
چھوٹا ہے۔“
6 تَب یَاھوِہ نے اُس آفت کو ٹال دیا،
اَور پھر یَاھوِہ قادر نے فرمایا، ”اَب اَیسا نہیں ھوگا۔“

7 پھر خُداوؔند نے مُجھے یہ دِکھایا: خُداوؔند اَپنے ایک ھاتھ میں ایک
ساھول لئے ھُوئے ساھول کی ایک دیوار پر کھڑے ھیں۔

8 اَور یاھوِہ نے مُجھ سے پُوچھا، ”اَے عامُوسؔ، تُمھیں کیا دِکھائی دے
رہا ہے؟“
مَیں نے جَواب دیا، ”ایک ساھول،“
تَب خُداوؔند نے مُجھ سے فرمایا، ”دیکھو، مَیں اَپنی قوم بنی اِسرائیل
میں ساھول لگاؤں گا اَور اَب مَیں اُن کو سزا دئیے بغیر نہ چھوڑوں گا۔
9 ”اِصحاقؔ کے اُونچے مقامات تباہ کئے جائیں گے
اَور بنی اِسرائیل کے مُقدّس مقام ویران ہو جائیں گے؛
اَور مَیں تلوار لے کر بنی یرُبعامؔ پر حملہ کروں گا۔“

## عامُوسؔ اَور اماضیاہؔ

10 تَب بیت ایل کے کاہِنؔ اماضیاہؔ نے شاہِ اِسرائیل یرُبعامؔ کو خبر
بھیجی: ”عامُوسؔ نبی بنی اِسرائیل کے دِل میں آپ کے خِلاف فتنہ کھڑا
کر رہا ہے۔ مُلک اُس کی سَب باتوں کو برداشت نہیں کر سَکتا۔
11 کیونکہ عامُوسؔ یُوں کہہ رہا ہے،
” ’یرُبعامؔ تلوار سے مارا جائے گا،
اَور بنی اِسرائیل یقیناً! اَپنے وطن سے دُور ہوکر
اسیری میں چلا جائے گا۔‘ “
12 تَب اماضیاہؔ نے عامُوسؔ سے کہا، ”اَے نبی یعنی غیب کی باتیں
کہنے والے، یہاں سے دفع ہو جا، اَور مُلکِ یہُودیہؔ کو بھاگ جا، وہیں
اَپنی روٹی کما اَور وہیں اَپنی نبُوّت کر۔
13 اَب بیت ایل میں اَور نبُوّت نہ کرنا کیونکہ یہ بادشاہ کا پاک
مَقدِس اَور سلطنت کی عبادت گاہ ہے۔“

14 عامُوسؔ نبی نے اماضیاہؔ کو جَواب دیا، ”مَیں نہ نبی تھا اَور نہ نبی
کا بیٹا ہُوں، مَیں تو ایک چرواھا اَور گُولر کے درختوں کی دیکھ بھال
کرنے والا تھا۔
15 لیکن یَاھوِہ نے مُجھے ریوڑ کی دیکھ بھال کرنے کے کام سے
بُلاکر مُجھ سے فرمایا، ’جاؤ، میری قوم بنی اِسرائیل سے نبُوّت کرو۔‘
16 اِس لئے اَب تُم یَاھوِہ کا کلام سُن، تُم کہتے ہو،
” ’بنی اِسرائیل کے خِلاف نبُوّت نہ کر،
اَور بنی اِصحاقؔ کے خِلاف کلام کرنا بند کر۔‘
17 ”اِس لئے یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں،
” ’تمھاری بیوی شہر میں فاحِشہ بَن جائے گی،
اَور تمھارے بیٹے اَور بیٹیاں تلوار سے قتل کئے جائیں گے۔
تمھاری زمین ناپ کر تقسیم کی جائے گی،
اَور تُم خُود ایک بُت پرست مُلک میں مروگے۔
اَور یقیناً بنی اِسرائیل اَپنے وطن سے دُور،
جَلاوطنی میں چلا جائے گا۔‘ “

# 8

## پکے ہُوئے پھلوں کا رُویا

1 یَاھوِہ قادر نے مُجھے پکے ہُوئے پھلوں کی ایک ٹوکری دِکھائی۔
2 اُنہُوں نے مُجھ سے پُوچھا، ”اَے عامُوسؔ، تُو کیا دیکھتا ہے؟“
مَیں نے جَواب دیا، ”پکے ہُوئے پھلوں کی ایک ٹوکری۔“

تَب یَاھوِہ نے مُجھ سے فرمایا، ”میری قوم بنی اِسرائیل کا وقت پُورا*
ہو گیا ہے؛ اَب مَیں اُنہیں نہیں چھوڑوں گا۔“
3 یَاھوِہ قادر فرماتے ہیں، ”اُس دِن، بیت المُقدّس کے نغمے ماتم
میں تبدیل ہو جائیں گے۔ ہر طرف بہت سِی لاشیں پڑی ہوں گی اَور
خاموشی چھائی ہوگی!“
4 تُم جو ضرُورت مندوں کو کُچلتے رہتے ہو
اَور مُلک کے مسکینوں کو مٹاتے رہتے ہو، یہ کلام سُنو۔
5 تُم کہتے ہو،
”نئے چاند کی عید کب گزرے گی
تاکہ ہم اَپنا اناج فروخت کریں،
سَبت کا دِن کب ختم ہوگا
تاکہ ہم گیہُوں کے فروخت کے واسطے اَپنے کھتّے کھولیں؟“
تُم ایفہ کو چھوٹا
اَور ثاقل کو ناپ میں بڑا کرتے ہو،
اَور دغابازی کے ترازو سے ٹھگتے ہو،
6 تُم مسکینوں کو رُوپیہ سے
اَور حاجت مند کو ایک جوڑی جُوتے سے خریدتے ہو،
اَور گیہُوں کے ساتھ پھٹکن بھی بیچتے ہو۔
7 یَاھوِہ یعقوب کی حشمت کی قَسم کھا کر فرماتے ہیں، ”جو کچھ
اُنہُوں نے کیا ہے، مَیں اُن میں سے ایک کو بھی نہ بھُولوں گا۔

* **8:2** وقت پُورا اصل عِبرانی میں وقت پک چُکا ہے

8 ”کیا اِس سبب سے زمین نہ تھرتھرائے گی،
اَور اُن کے ہر باشِندے ماتم نہ کریں گے؟
سارا مُلک دریائے نیل کی مانند ہوگا
جو اُفنے گی، پھر اُس میں لہریں اُٹھے گا،
اَور پھر وہ مُلک مِصر کے دریائے کی مانند بالکُل پُرسکون ہو جائے گا۔“
9 یَاہوِہ قادر اعلان کرتے ہیں،
”اُس دِن، مَیں آفتاب کو دوپہر کے وقت غروب کروں گا
اَور زمین پر دِن میں ہی تاریکی کر دُوں گا۔
10 مَیں تمہاری عیدوں کو ماتم میں
اَور تمہارے نغموں کو نوحے میں تبدیل کر دُوں گا۔
اَور تُم سَب کو ٹاٹ پہناؤں گا
اَور تُم سَب کے سَر کو گنجا کر دُوں گا۔
اَور اَیسا ماتم برپا کروں گا جَیسے اِکلوتے بیٹے کی خاطِر ہوتا ہے
اَور اُس کا اَنجام روزِ تلخ جَیسا ہوگا۔“

11 یَاہوِہ قادر فرماتے ہیں، ”وہ دِن آ رہے ہیں،
جَب مَیں اُس مُلک میں قحط نازل کروں گا،
جو نہ روٹی کا نہ پانی کا،
بَلکہ خُدا کے کلام کا قحط ہوگا۔
12 لوگ یَاہوِہ کے کلام کی تلاش میں،
سمُندر سے سمُندر تک
اَور شمال سے مشرق تک بھٹکتے پھریں گے،

لیکن کھیں نه پائیں گے۔
13 ”اُس دِن
”حسین عورتیں اَور جَوان مَرد
پیاس سے بے ھوش ھو جائیں گے۔
14 جو لوگ سامریہؔ کے خطا کی قَسم کھا کر کہتے ھیں،
’دانؔ کے معبُود کے حیات کی قَسم،‘
یا ’بیرشبعؔ کے معبُود کے حیات کی قَسم،‘
وہ اَیسے گریں گے گویا پھر کبھی نه اُٹھیں گے۔“

# 9

## بنی اِسرائیل کا ھلاک کیاجانا

1 مَیں نے خُداوؔند کو مذبح کے پاس کھڑے دیکھا، اَور اُنھُوں نے فرمایا،
سُتونوں کے سَر پر اَیسا مارو
که دھلیز ھِل جائیں۔
اَور اُن کو سَب لوگوں کے سَروں پر گرا دو؛
اَورجو باقی بچیں گے، اُنھیں مَیں تلوار سے قتل کروں گا۔
اُن میں سے ایک بھی بھاگ نه سکے گا
اَورجو بچنے کی کوشش کرے گا وہ بھی بچ نه پائے گا۔
2 اگر وہ (پاتال) کی گھرائی میں بھی چلے جائیں،
تو میرا ھاتھ اُنھیں وھاں سے کھینچ نکالے گا۔
اگر وہ آسمان پر چڑھ جائیں،
تو مَیں وھاں سے بھی اُن کو اُتار لاؤں گا اَور پکڑ لُوں گا۔

3 اگر وہ کوہِ کرمِلؔ کی چوٹی پر جا چھپیں،
تو بھی مَیں اُن کو وھاں سے ڈھونڈ کر پکڑ لُوں گا۔
اگرچہ وہ سمُندر کی تہہ میں چھُپ جائیں،
تو وھاں مَیں سانپ کو اُنہیں ڈسنے کا حُکم دُوں گا۔
4 اگر اُن کے دُشمن اُن کو اسیر کرکے لے جائیں،
تو مَیں وھاں تلوار کو حُکم دُوں گا کہ اُنہیں قتل کرے۔

مَیں اُن کی بھلائی کے لِئے نہیں
بَلکہ اُن کی بُرائی کے لِئے اُن پر نگاہ رکھوں گا۔

5 خُداوؔند، قادرِمُطلق یَاھوِہ،
جو زمین کو چھُوتے ھیں تو وہ پگھل جاتی ھے،
اَور اُن کے سَب باشِندے ماتم کرتے ھیں؛
سارا مُلک دریائے نیل کی مانند اُفان مارتا ھے،
اَور پھر دریائے مِصر کی مانند پُرسکون ھو جاتا ھے۔
6 خُدا آسمان پر اَپنے بالاخانے تعمیر کرتے ھیں،
اَور اُنہُوں نے زمین پر اَپنے گُنبَد کی بُنیاد رکھی ھے،
جو سمُندر کے پانی کو بُلاتے ھیں
اَور رُوئے زمین پر بارش کرتے ھیں۔
اُن کا نام یَاھوِہ ھے۔

7 اَے بنی اِسرائیل،
کیا تُم میرے لِئے اھلِ کُوشؔ کی مانند نہیں ھو؟

یَاھوِہ اعلان کرتے ھیں،
کیا مَیں بنی اِسرائیل کو مُلک مِصر سے،
فلسطینیوں کو مُلک کفتُور سے،
اَور ارامیوں کو مُلک قیرؔ سے باھر نہیں نکال لایا ھُوں؟

8 یقیناً یَاھوِہ قادر کی آنکھیں
اُن گُنہگار مُلکوں پر لگی ھُوئیں ھیں۔
یَاھوِہ فرماتے ھیں،
مَیں اُنہیں رُوئے زمین سے
نِیست و نابود کر دُوں گا۔
مگر بنی یعقوب کو پُوری طرح
نِیست و نابود نہیں کروں گا۔
9 کیونکہ مَیں حُکم دُوں گا،
اَور مَیں سَب قوموں کے درمیان
بنی اِسرائیل کو اَیسا جھاڑوں گا
گویا کسی چھلنی میں اناج کو چھانا جاتا ھے،
اَور ایک دانہ بھی زمین پر نہیں گِرتا ھے۔
10 میرے لوگوں کے درمیان سے تمام گُنہگار
جو یہ کہتے ھیں،
نہ تو ھمارے اُوپر کوئی آفت آئے گی اَور نہ ھی آفت سے ھمارا سامنا ھوگا،
وہ سَب کے سَب تلوار سے ھلاک کئے جائیں گے۔

## بنی اِسرائیل کی بحالی

11 اُس دِن
مَیں داویؔد کے گِرے ہُوئے خیمہ کو کھڑا کروں گا۔
اَور اُس کی تمام ٹُوٹی دیواروں کی مرمّت کروں گا،
اَور اُس کے کِھنڈروں کو
پھر سے پہلے جَیسا تعمیر کروں گا۔
12 تاکہ وہ اِدُوم کے بچے ہُوئے لوگوں کو،
اَور اُن سَب غَیریہُودی قوموں کو اَپنے قبضے میں کر لے جو میری ہیں،
یہ اُن ہی یَاہوِہ کا اعلان ہے جو یہ سَب کام کرنے والے ہیں۔
13 یَاہوِہ فرماتے ہیں، اَیسے دِن آ رہے ہیں،
جَب ہل جوتنے والا فصل کاٹنے والے سے
اَور انگور روندنے والا، پَودا لگانے والے سے آگے نکل جائے گا۔
اَور پہاڑوں سے نئی مَے ٹپکے گی
اَور ساری پہاڑیوں سے بہہ جائے گا۔
14 اَور مَیں اَپنی قوم بنی اِسرائیل کو اسیری سے واپس لَوٹا لاؤں گا۔

وہ اُجڑے شہروں کو تعمیر کرکے اُن میں سکونت کریں گے۔
وہ تاکستان لگائیں گے اَور اُن کی مَے پیئیں گے؛
وہ باغ لگائیں گے اَور اُن کے پھل کھائیں گے۔
15 مَیں بنی اِسرائیل کو اُنہیں کے مُلک میں قائِم کروں گا،
اَور وہ پھر کبھی اَپنے وطن سے جو مَیں نے اُنہیں بخشا ہے
نکالے نہ جائیں گے،

یہی یَاھوِہ تمہارے خُدا کا فرمان ہے۔

# Biblica® ترجمه عصر هم اردو آزادانه

## Urdu: Biblica® ترجمه عصر هم اردو آزادانه (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمه عصر هم اردو آزادانه™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: “The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible.”
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمه عصر هم اردو آزادانه™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
Biblica Inc کےذریعہ تجارتی رجسٹرڈ اَور سند کی حُقُوق کے متحدہ ھائے ریاست اَور “Biblica”
جاتاھے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دَفتر نشان
“Biblica” is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f